الحبیب پبلیشرز کوٹ ادو

برائے جماعت سوئم

سوالاً جواباً مع معروضی

مصنفین

زیشان حبیب چوہدری

محمد اعظم کاشف ملک

ایم اے۔ ایم ایڈ

سٹاکسٹ

الحبیب بک سنٹر

جی ٹی روڈ کوٹ ادو فون: 42828

فاضل مقبل اینڈ سنز

14 اردو بازار لاہور

ضلع مظفر گڑھ

تحصیل کوٹ ادو
تحصیل مظفر گڑھ
تحصیل علی پور
ضلع ڈیرہ غازی خان
ضلع راجن پور
ضلع رحیم یار خان
ضلع بہاولپور
ضلع لیہ
ضلع ملتان
شمال
مشرق
جنوب
مغرب
0 10 20 30 کلومیٹر

سوال: ہمارے ضلع کا نام کیا ہے؟

جواب ہمارے ضلع کا نام مظفرگڑھ ہے

سوال: ہمارا ضلع کس صوبہ میں واقع ہے؟

جواب ہمارا ضلع صوبہ پنجاب میں واقع ہے۔

سوال: ہمارے ضلع میں کتنی تحصیلیں ہیں؟

جواب ہمارے ضلع میں چار تحصیلیں ہیں

سوال: ضلع مظفرگڑھ کی چار تحصیلوں کے نام بتائیں؟

جواب کوٹ ادو مظفرگڑھ علی پور جتوئی

سوال: ضلع مظفرگڑھ کا حدود اربعہ بیان کریں

ضلع مظفرگڑھ کے شمال میں ضلع لیہ، مشرق میں ضلع ملتان جنوب مشرق میں ضلع بہاولپور اور جنوب میں رحیم یار خان، مغرب میں ضلع ڈیرہ غازی خان اور جنوب مغرب میں راجن پور ہیں

معروضی: خالی جگہ پُر کیجئے

۱۔ ہمارے شہر کا نام .... ہے۔

۲۔ ہمارے ضلع کا نام .... ہے۔

۳۔ ہمارے ضلع میں .... تحصیلیں ہیں

۴۔ ضلع مظفرگڑھ صوبہ .... میں واقع ہے

تحصیل مظفر گڑھ

سوال: تحصیل مظفر گڑھ کی مٹی کیسی ہے؟

جواب تحصیل مظفر گڑھ کی مٹی ریتلی ہے

سوال: تحصیل مظفر گڑھ میں کس چیز کی کاشت زیادہ ہوتی ہے؟

جواب تحصیل مظفر گڑھ میں کپاس اور گندم کی پیداوار زیادہ ہے

سوال: تحصیل مظفر گڑھ میں کونسی صنعتیں ہیں؟

جواب تحصیل مظفر گڑھ میں کپڑا بنانے اور پٹ سن کی صنعتیں ہیں

سوال: تحصیل مظفر گڑھ میں کونسا ریگستان ہے؟

جواب تحصیل مظفر گڑھ میں تھل کا ریگستان ہے

سوال: تحصیل مظفر گڑھ میں کونسا دریا بہتا ہے؟

جواب: تحصیل مظفر گڑھ میں دریائے چناب بہتا ہے

معروضی: درست فقروں پر ✓ اور غلط پر X کا نشان لگائیں

ا تحصیل مظفر گڑھ میں کپڑا بنانے کے کئی کارخانے ہیں ☐

۲ تحصیل مظفر گڑھ میں ریلوے اسٹیشن ہے ☐

۳ ہماری قومی زبان سرائیکی ہے ☐

۴۔ تحصیل مظفر گڑھ کی مٹی پکی ہے ☐

تحصیل کوٹ ادو

سوال: تحصیل کوٹ ادو کہاں واقع ہے؟

جواب تحصیل کوٹ ادو ضلع مظفر گڑھ کے شمال مغرب کی جانب ضلع لیہ کے ساتھ واقع ہے

سوال: تحصیل کوٹ ادو کیسا علاقہ ہے؟

جواب: تحصیل کوٹ ادو زرعی اور صنعتی علاقہ ہے

سوال: تحصیل کوٹ ادو میں کونسی فصلیں ہوتی ہیں؟

جواب تحصیل کوٹ ادو میں گنا، گندم اور کپاس کی فصل ہوتی ہے

سوال: تحصیل کوٹ اور میں کونسا بیراج ہے؟

جواب تحصیل کوٹ میں تونسہ بیراج ہے

سوال: تحصیل کوٹ ادو میں کس قسم کے باغات ہیں؟

جواب تحصیل کوٹ ادو میں آم اور کھجور کے باغات ہیں

معروضی: خالی جگہ پُر کیجیے

۱۔ تحصیل کوٹ ادو.........علاقہ ہے

۲۔ تحصیل کوٹ ادو مظفر گڑھ کے...........میں واقع ہے

۳۔ تحصیل کوٹ ادو میں.................بیراج ہے

۴۔ تحصیل کوٹ ادو میں..........بجلی گھر واقع ہیں

تحصیل علی پور

سوال: تحصیل علی پور میں کتنے دریاء بہتے ہیں؟

جواب تحصیل علی پور میں دو دریاء بہتے ہیں ان میں دوسرے دریاء بھی آ کر ملتے ہیں

سوال: علی پور میں کس مقام پر پانچ دریاء اکٹھے ہوتے ہیں؟

جواب ہیڈ پنجند کے مقام پر پانچ دریاء ملتے ہیں

سوال: تحصیل علی پور کی مٹی کیسی ہے؟

جواب تحصیل علی پور کی مٹی اچھی ہے اور برتن بنانے کے کام آتی ہے

سوال: تحصیل علی پور میں کس قسم کے باغات ہیں؟

جواب تحصیل علی پور میں آم، انار، کینو کے باغات ہیں

سوال: تحصیل علی پور میں کونسے مویشی پالے جاتے ہیں؟

جواب تحصیل علی پور میں اونٹ، گائے، بکری اور بھیڑیں پالی جاتی ہیں

معروضی: خالی جگہ پُر کیجئے

۱ تحصیل علی پور کی مٹی سے............ بنائے جاتے ہیں

۲ تحصیل علی پور میں............ کے مقام پر دریاء اکٹھے ہوتے ہیں

۳ تحصیل علی پور کے جنوب میں ضلع............ ہے

۴ تحصیل علی پور............ کے باغات کی وجہ سے مشہور ہے۔

تحصیل جتوئی

سوال: تحصیل جتوئی کس جگہ واقع ہے؟

جواب تحصیل جتوئی مظفرگڑھ میں جنوب کی طرف واقع ہے

سوال: ہماری علاقائی زبان کونسی ہے؟

جواب ہماری علاقائی زبان سرائیکی ہے۔

سوال: تحصیل جتوئی کس شخصیت کی وجہ سے مشہور ہے؟

جواب تحصیل جتوئی سردار کوڑے خان جتوئی کی وجہ سے مشہور ہے

سوال: تحصیل جتوئی کے مغرب میں کونسا ضلع ہے؟

جواب تحصیل جتوئی کے مغرب میں ضلع راجن پور ہے

سوال: جتوئی کے ساتھ ساتھ کونسا دریا بہتا ہے؟

جواب تحصیل جتوئی کے ساتھ ساتھ مغرب میں دریائے سندھ بہتا ہے

معروضی: خالی جگہ پُر کیجیے

۱ تحصیل جتوئی کے مغرب میں ضلع.................... ہے

۲ تحصیل جتوئی.................... کی وجہ سے مشہور ہے

۳ ہمارے ضلع کی علاقائی زبان.................... ہے

۴ تحصیل جتوئی ضلع.................... میں واقع ہے

سوال: مظفر گڑھ کو کس نے آباد کیا؟

جواب مظفر گڑھ کو نواب مظفر نے آباد کیا جو ملتان کا حاکم تھا

سوال ضلع مظفر گڑھ کب آباد ہوا؟

جواب مظفر گڑھ آج سے تقریباً دوسو سال قبل آباد ہوا

سوال: مظفر گڑھ کب ضلعی صدر مقام بنا

جواب مظفر گڑھ 1850ء میں ضلعی صدر مقام بنا

سوال: نواب مظفر نے کتنا عرصہ یہاں حکومت کی؟

جواب نواب مظفر نے چالیس سال تک یہاں حکومت کی

سوال: نواب مظفر نے سکھوں کی کتنی فوج کا مقابلہ کیا؟

جواب نواب مظفر نے 25 ہزار سکھوں کا مقابلہ کیا اور آخر کار اپنے وطن کی حفاظت کرتے ہوئے شہید ہوا۔

معروضی: خالی جگہ پُر کیجئے

۱ نواب مظفر نے مظفر گڑھ پر .... سال حکومت کی

۲ مظفر گڑھ............ میں ضلعی صدر مقام بنا

۳ ضلع مظفر گڑھ آج سے تقریباً............ قبل آباد ہوا

۴ نواب مظفر نے دو ہزار فوج سے .... ہزار سکھوں کا مقابلہ کیا

سوال: ضلع کا نظام کون سنبھالتا ہے؟

جواب: ضلع کا انتظام ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر سنبھالتا ہے اس کو ڈی سی او بھی کہتے ہیں

سوال: ضلعی ناظم کون ہوتا ہے؟

جواب: ضلع ناظم ضلعی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے ضلع میں ترقی امن اور فلاح و بہبود کے کام سرانجام دیتا ہے

سوال: ضلع میں محکمہ تعلیم کا انتظام کون سنبھالتا ہے؟

جواب: ضلع میں محکمہ تعلیم کا نظام ڈسٹرکٹ ایجوکیشنل آفیسر سنبھالتا ہے

سوال: سڑکوں کا نظام کون سنبھالتا ہے؟

جواب: سڑکوں کا نظام ایک محکمہ ہائی وے اتھارٹی کے سپرد ہوتا ہے۔ یہ نئی سڑکیں بھی تعمیر کرواتا ہے

سوال: محکمہ صحت کیا کام کرتا ہے؟

جواب: محکمہ صحت ہسپتال قائم کرتا ہے اور لوگوں کو مفت ادویات اور حفاظتی ٹیکے لگاتا ہے

معروضی: خالی جگہ پُر کیجئے

۱ ضلعی ناظم کو.......... منتخب کرتے ہیں

۲ سرکاری ہسپتال میں غریب مریضوں کا علاج.......... ہوتا ہے

۳ سڑکوں کا نظام محکمہ.......... چلاتا ہے

۴۔ محکمہ تعلیم کا ضلعی سربراہ.......... ہوتا ہے

سوال: پولیس کیا کام کرتی ہے؟

جواب پولیس شہروں اور دیہاتوں میں امن و امان قائم کرتی ہے اور مجرموں کو پکڑتی ہے

سوال: ضلع میں پولیس کا سربراہ کون ہوتا ہے؟

جواب: ضلع میں پولیس کا سربراہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ہوتا ہے اسکو **DPO** بھی کہتے ہیں

سوال: پولیس اسٹیشن کا سربراہ کون ہوتا ہے؟

جواب پولیس اسٹیشن کے سربراہ کو ایس ایچ او کہتے ہیں

سوال: عدالتیں کیا کام کرتی ہیں؟

جواب عدالتیں انصاف مہیا کرتی ہیں اور مجرموں کو سزائیں سناتی ہیں

سوال: یونین کونسلیں کیا ہوتی ہیں؟

جواب تحصیل میں چھوٹے چھوٹے علاقوں کو ملا کر یونین کونسلیں بنائی جاتی ہیں یہ علاقائی سطح پر لوگوں کے مسائل حل کرتی ہیں

معروضی: خالی جگہ پُر کیجئے

۱ ضلع میں پولیس کا سربراہ.................کہلاتا ہے

۲ پولیس اسٹیشن کے سربراہ کو.................کہتے ہیں

۳ یونین کونسلیں.................سطح پر بنائی جاتی ہیں

۴ یونین کونسل کا سربراہ.................ہوتا ہے

صنعتیں اور دستکاریاں

سوال: ہمارے ضلع میں کونسی صنعتیں ہیں؟

جواب ہمارے علاقے میں سوتی کپڑا بنانے، آٹا پیسنے، روئی بیلنے اور چینی بنانے کی صنعتیں ہیں۔

سوال: ہمارے ضلع میں تیل صاف کرنے کا رخانہ کہاں ہے؟

جواب ہمارے ضلع میں تیل صاف کرنے کا کارخانہ تحصیل کوٹ ادو، قصبہ گجرات میں پارکو کے نام سے ہے

سوال: ہمارے ضلع میں بجلی کون کونسے سے مقام پر پیدا ہوتی ہے؟

جواب ہمارے ضلع میں بجلی تین مقام پر پیدا ہوتی ہے کوٹ ادو مظفر گڑھ لال پیر

سوال: دستکاریاں کسے کہتے ہیں؟

جواب جو اشیاء ہاتھ سے بنائی جاتی ہیں ان کو دستکاریاں کہتے ہیں

سوال: ہمارے ضلع کی مشہور دستکاریاں کونسی ہیں؟

جواب ہمارے ضلع میں کھجور کے پتوں سے پنکھے اور چٹائیاں بنائی جاتی ہیں

معروضی: خالی جگہ پر کیجئے

۱ ہمارے ضلع میں گنے سے.......... بنانے کے کارخانے ہیں

۲ ہمارے ضلع میں کھجور کے پتوں سے.......... بنائی جاتی ہیں

۳ ہمارے ضلع میں پٹ سن سے.......... بنانے کے کارخانے بھی موجود ہیں

۴ ہمارے ضلع میں تیل صاف کرنے کا کارخانہ.......... میں واقع ہے

ذرائع آمد و رفت

سوال: ہمارے ضلع میں سڑکوں کا نظام کیسا ہے؟

جواب ہمارے ضلع میں سڑکوں کا ایک بہت بڑا جال بچھا ہوا ہے

سوال: سڑکیں کیسے بنائی جاتی ہے؟

جواب سڑکیں اینٹ، پتھر، تارکول سے بنائی جاتی ہیں

سوال: ہمارے ضلع میں کون کون سے ذرائع آمد و رفت ہیں؟

جواب ریلوے، بسیں، ٹرک، ویگن، موٹر سائیکل، کاریں

سوال: ہمارے ضلع کی اہم سڑکیں کونسی ہیں؟

جواب ہمارے ضلع میں ایک سڑک ڈیرہ غازی سے ملتان کی طرف اور دوسری کوٹ ادو سے ہوتی ہوئی ملتان جاتی ہے۔
ایک سڑک چوک سرور شہید سے مظفر گڑھ جاتی ہے اور ایک سڑک مظفر گڑھ سے علی پور کی طرف جاتی ہے
ان سے بہت سی رابطہ سڑکیں نکلتی ہیں

سوال: کیا ہمارے ضلع میں کوئی ہوائی اڈا ہے؟

جواب جی نہیں ہمارے ضلع میں کوئی ہوائی اڈا نہیں ہے

معروضی: درست فقروں پر ✓ اور غلط پر ✗ کا نشان لگائیں

١ ہمارے ضلع میں ہوائی اڈا ہے ☐

٢ ہمارے ضلع میں ریلوے کا ایک اعلیٰ نظام ہے ☐

٣ سڑکیں اینٹ پتھر اور تارکول سے بنائی جاتی ہیں ☐

٤ ہمارے ضلع میں سڑکوں کا بہت بڑا جال بچھا ہوا ہے ☐

ہماری فصلیں

سوال: ہمارے ضلع میں کونسی فصلیں کاشت کی جاتی ہے؟

جواب ہمارے ضلع میں گندم، چاول، کپاس، گنا، تمباکو، باجرہ اور سبزیاں کاشت کی جاتی ہیں

سوال: فصلوں کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب فصلوں کی دو قسمیں ہیں فصل ربیع فصل خریف

سوال: سردیوں میں کاشت کی جانے والی فصل کیا کہلاتی ہیں؟

جواب سردیوں میں کاشت کی جانے والی فصل ربیع کہلاتی ہیں

سوال: گرمیوں میں کاشت کی جانے والی فصل کیا کہلاتی ہے؟

جواب گرمیوں میں کاشت کی جانے والی فصل خریف کہلاتی ہیں

سوال: گنا کونسے موسم کی فصل ہے؟

جواب گنا سارے سال کی فصل ہے۔ یہ فروری میں کاشت کیا جاتا ہے اور نومبر میں کٹائی ہوتی ہے

معروضی: خالی جگہ پُر کیجئے

۱ سردیوں میں کاشت کی جانے والی فصلیں.........کہلاتی ہیں

۲ گرمیوں میں کاشت کی جانے والی فصلیں.........کہلاتی ہیں

۳ گنا.........کی فصل ہے

۴ گندم.........کے مہینے میں کاٹی جاتی ہیں

جنگلات درخت اور چراگاہیں

سوال: ہمارے ضلع میں جنگلات کہاں واقع ہیں؟

جواب ہمارے ضلع میں دریاؤں کے ساتھ ساتھ جنگلات واقع ہیں

سوال: ہمارے ضلع کے جنگلات میں کونسے درخت ہیں؟

جواب ہمارے ضلع کے جنگلات میں کیکر، شیشم، سفیدہ، ببول کے درخت پائے جاتے ہیں

سوال: ہمارے ضلع میں چراگاہیں کس جگہ ہیں؟

جواب ہمارے ضلع میں دریاؤں کے ساتھ ساتھ اور تھل میں چراگاہیں ہیں۔

سوال: جنگلات کے کیا فائدے ہیں؟

جواب جنگلات ہماری فضاء کو صاف کرتے ہیں اور ان سے لکڑی حاصل ہوتی ہے

سوال: جنگلات پر ایک مضمون لکھیں

اساتذہ بچوں کو خود لکھوائیں

معروضی: خالی جگہ پُر کیجیے

۱ ہمارے ضلع میں جنگلات............ کے ساتھ پائے جاتے ہیں

۲ شیشم کی لکڑی............ بنانے کے کام آتی ہے

۳ جنگلات جنگلی جانوروں کا............ ہوتا ہے

۴ ہمارے ضلع میں چراگاہیں............ کے ساتھ واقع ہیں۔

ریلوے نظام

سوال: ضلع مظفرگڑھ میں ریلوے کا نظام کیسا ہے؟

جواب ضلع مظفرگڑھ میں ریلوے کا اعلیٰ نظام ہے

سوال: ضلع مظفرگڑھ سے کونسی ریلوے لائن لیہ کی طرف جاتی ہے؟

جواب کوٹ ادو اسٹیشن سے دائرہ دین پناہ کی طرف جانے والی لائن لیہ جاتی ہے

سوال: ملتان سے ریلوے لائن ہمارے ضلع میں کس طرف آتی ہے؟

جواب ملتان سے ریلوے شیر شاہ جنکشن سے مظفرگڑھ کی طرف آتی ہے

سوال: ضلع مظفرگڑھ سے ضلع ڈیرہ غازی خان کیلئے کونسی ریلوے لائن ہے؟

جواب کوٹ ادو جنکشن سے ریلوے لائن شادن لنڈ کے راستے ڈیرہ غازی خان جاتی ہے

سوال: ضلع مظفرگڑھ میں کونسا اسٹیشن جنکشن ہے؟

جواب ضلع مظفرگڑھ میں کوٹ ادو اسٹیشن جنکشن ہے

سوال: جنکشن کسے کہتے ہیں؟

جواب جو دو طرف کی ریلوے لائنوں کو ملائے اسے جنکشن کہتے ہیں

معروضی: خالی جگہ پُر کیجئے

۱ ضلع مظفرگڑھ میں ....اسٹیشن جنکشن ہے

۲ ریلوے اسٹیشن پر گاڑیوں کے ٹھہرنے کیلئے ....فارم ہوتے ہیں

۳ ملتان سے ریلوے لائن ....جنکشن سے مظفرگڑھ کی طرف آتی ہے

۴ تحصیل علی پور اور جتوئی میں کوئی ....نہیں ہے۔

دریاء اور نہریں

سوال: ضلع مظفرگڑھ میں کس مقام سے نہریں نکالی گئی ہیں؟

جواب ضلع مظفرگڑھ میں تونسہ بیراج کے مقام سے نہریں نکالی گئی ہیں

سوال: ضلع جھنگ میں تریموں کے مقام سے کونسی نہر نکالی گئی ہے؟

جواب تریموں کے مقام سے نہر رنگ پور نکالی گئی ہے اور یہ مظفرگڑھ کے مشرقی علاقہ کو سیراب کرتی ہے

سوال: مظفرگڑھ کی مشہور نہر کونسی ہے؟

جواب مظفرگڑھ کی مشہور نہر مظفرگڑھ کینال ہے

سوال: ضلع مظفرگڑھ میں کونسی رابطہ نہر ہے؟

جواب ضلع مظفرگڑھ میں دریائے سندھ اور چناب کے درمیان ایک رابطہ نہر ہے

سوال: تونسہ بیراج کے مقام سے کونسی بڑی نہرین نکالی گئی ہیں

جواب مظفرگڑھ کینال ڈیرہ غازی خان کینال تونسہ پنجند کینال

معروضی: فقرے ملائیں

رابطہ نہر	تریموں بیراج
نہر رنگ پور	تحصیل علی پور
تونسہ بیراج	دریائے سندھ اور چناب
ہیڈ پنجند	تحصیل کوٹ ادو

قومی ترانہ

پاک سرزمین شاد باد کشور حسین شاد باد
تو نشان عزم عالی شان ارض پاکستان
مرکز یقین شاد باد

پاک سرزمین کا نظام قوت اخوت عوام
قوم ملک سلطنت پائندہ تابندہ باد
شاد باد منزل مراد

پرچم ستارہ و ہلال رہبر ترقی و کمال
ترجمان ماضی شان حال جان استقبال
سایہ خدائے ذوالجلال

الحبیب پبلشرز
جی ٹی روڈ کوٹ ادو فون: 0697-42828